تبصرے

تاریخ ادبیات عربی | از جناب سید ابوالفضل صاحب ایم۔ اے۔ تقطیع خورد۔ ضخامت ۳۰۰ صفحات۔ طباعت وکتابت بہتر قیمت تین روپے۔ پتہ:۔ سب رس کتاب گھر۔ رفعت منزل خیریت آباد۔ حیدرآباد دکن۔

یہ بڑے افسوس کی بات ہے کہ اردو زبان میں ہر علم وفن کی کتابیں موجود ہیں لیکن تاریخ ادبیات عرب پر ایک بھی کتاب نہیں۔ مولانا شبلی نے ارادہ کیا لیکن چند مقالات سے آگے نہ بڑھا۔ ڈاکٹر زبید احمد نے ادب العرب لکھی لیکن ایک ہی جلد لکھ کر رہ گئے۔ سید ابوالفضل صاحب نے اس کمی کو پورا کرنے کے لئے یہ کتاب لکھی ہے اس میں سات باب ہیں۔ پہلے چھ ابواب میں عہد جاہلیت سے لے کر عہد حاضر تک کے عربی شعرا۔ ادبا۔ مصنفین اس عہد بہ عہد عربی زبان کی ترقی اور ہر عہد کی ادبی اور لسانی خصوصیات۔ علوم وفنون۔ معاشی اور معاشرتی حالات ان سب کا تذکرہ ہے۔ آخر میں ساتواں باب ہے جس میں عہد حاضر کے شعرا اور ادبا اور ارباب قلم کا بیان ہے۔ ظاہر ہے ادبیات عرب کے سیر حاصل تذکرہ کے لئے کئی ضخیم جلدیں درکار ہیں۔ صرف ایک جلد میں اس کا سمانا ناممکن ہے۔ تاہم نہ ہونے سے ہونا بہتر ہے۔ ادبیات عربی سے اجمالی تعارف کے لئے یہ کتاب کافی ہے اور اس میں مختصر مختصر اہم اور قابل ذکر شخصیتوں اور ان کے کارناموں کا عربی زبان کی تاریخ اور اس کے ارتقا کا ذکر آگیا ہے۔ اس کتاب کی حیثیت ان نوٹوں کی سی ہے جو استاد کلاس میں لکھا دیتا ہے۔ اس حیثیت سے یہ کتاب لائق قدر ہے اور اردو زبان کے لٹریچر میں ایک مفید اضافہ ہے۔

زاد الطالبین من کلام رسول رب العالمین | از مولانا محمد عاشق الٰہی بلند شہری تقطیع کلاں۔ ضخامت ۶۲ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت ایک روپیہ پانچ آنے پتہ:۔ لجنۃ النشر والاشاعۃ ملتان (پاکستان) ہند میں جناب مصنف مسجد کولوٹولہ کلکتہ ۱۳۔

یہ کتاب عربی زبان میں ہے۔ اس میں نحو کے بعض قواعد کے زیر عنوان مشکوٰۃ شریف سے انتخاب کر کے متعدد آثار وحدیث کو مرتب کر کے جمع کیا گیا ہے۔ مثلاً جملہ اسمیہ جس کا مسند الیہ معرف باللام ہو۔ غیر معرف باللام

ہو۔ جس کا مسند الیہ منفی بہ لاہو۔ وغیرہ وغیرہ۔ اس طرح اگر نحو کے مبتدی کو فن کے مسائل کے ساتھ ساتھ یہ کتاب پڑھائی جائے تو اس سے اس کو شروع سے ہی جوامع الکلم نبوی کے ساتھ مناسبت اور انسیت پیدا ہو جائے گی اور اس کا فائدہ ادبی بھی ہوگا اور اخلاقی بھی۔ اصل متن کے ساتھ حواشی بھی جگہ جگہ ہیں اور کافی مفصل ہیں۔ ان کی وجہ سے کتاب کی افادیت دوچند ہوگئی ہے۔ یہ کتاب اس لائق ہے کہ مفید الطالبین کی جگہ مدارس عربیہ کے نصاب میں داخل ہو۔

ڈھائی ہفتہ پاکستان میں از مولانا عبدالماجد دریابادی تقطیع خورد ضخامت ۱۰۴ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت دو روپے۔ پتہ:۔ صدق جدید بک ایجنسی کچہری روڈ لکھنؤ۔

جیسا کہ نام سے ظاہر ہے یہ پاکستان کے سفر کی روئداد ہے جس میں صرف ڈھائی ہفتہ صرف ہوئے۔ سفرنامہ خواہ کسی کا بھی ہو دلچسپ ہوتا ہے اور پھر مولانا تو یوں بھی جس چیز پر قلم اٹھاتے ہیں اس میں جان سی ڈالتے ہیں۔ اور اپنے مشاہدات ومحسوسات کے بیان کرنے میں کسی کی رو رعایت نہیں کرتے۔ سماجیات کے صاحبِ بصیرت نقاد ہیں، ان سب امور کے جمع ہو جانے کی وجہ سے یہ سفرنامہ بے حد دلچسپ بھی ہے اور سبق آموز بھی۔ ادبی اور سماجی تنقید دونوں کے لحاظ سے اردو زبان کے سفرناموں میں اس کو ایک خاص اہمیت حاصل ہے اس سفرنامہ کو پڑھ کر خیال آیا کہ اگر مولانا تین چار مہینوں کے لئے یورپ اور امریکہ کا دورہ کرائیں۔ اور محض ایک سیاح کی حیثیت سے وہاں کی ہر چیز کا بہت قریب سے مشاہدہ کریں۔ وہاں کی سماجی اور معاشرتی زندگی کا اچھا اور برا ایک ایک پہلو دیکھیں اور پھر اپنا سفرنامہ مرتب فرمادیں تو ہماری رائے ہیں وہ صرف اردو زبان کا نہیں بلکہ موجودہ عالمی ادبیات کا ایک بڑا عجیب وغریب شاہکار ہوگا۔ لوگ اسے پڑھیں گے اور جھومیں گے۔ کسی کے منہ سے آہ نکلے گی اور کوئی واہ کہ اٹھے گا۔

رسول اللہ کی باتیں

۱ از جناب شیخ محمد اسمٰعیل پانی پتی تقطیع خورد ضخامت ۹۶ صفحات کتابت و طباعت بہتر قیمت ۱۲/ پتہ:۔ حالی بک ڈپو رام گلی ۳ لاہور۔ اس کتاب میں بچوں کے لئے ۹۶ چھوٹی چھوٹی حدیثیں جن میں اخلاقی اور صفائی ستھرائی کے متعلق احکام وارشادات ہیں۔ مع اُردو ترجمہ وتشریح کے ہر صفحہ پر